Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 8 Short Questions Preparation

Q1. پیدا کاروں کی انجمن امداد باہمی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: یہ انجمن چھوٹے کارکن اور صنعت کار سرمایہ دارانہ نظام سے نجات حاصل کرنے کے لیے قائم کرتے ہیں اور اس کی رکنیت مخصوص اشیاء کے پیدا کاروں تک محدود ہوتی ہے. کاروبار کی تمام اہم سرگرمیاں مثلاً پیداوارانہ انتظام اور بازار کاری اس انجمن کے ممبران خود ہی سر انجام دیتے ہیں

Q2. انجمن امداد باہمی میں ممبران کی تعداد کتنی ہوتی ہے.

Ans 1: اس انجمن میں کم از کم ممبران کی تعداد تعمیر ،مکانات اور پیدا کاروں کی انجمن کے لیے 30 اراکین اور دیگر انجمنوں کے لیے 50 مقرر کی گئ ہے.لیکن ان سے زیادہ تعداد پر کوئی پابندی نہیں.

Q3. انجمن امداد باہمی کے مقاصد تحریر کریں.

Ans 1: 1.انجمن کے ارکان کی فلاح و بہبود 2متوسطین کے کرادر کا خاتمہ 3.باہمی مدد کا جذبہ اجاگر کرنا 4.مناسب قیمت پر اشیا کی فروخت

Q4. انجمن امداد باہمی کے مقاصد بیان کریں.

Ans 1: مناسب قیمت پر اشیاء کا فروخت

Ans 2: متوسطین کے کردار کا خاتمہ

Ans 3: کم آمدنی والے افراد کی فلاح و بہبود

Ans 4: بچت اور سرمایہ کاری کا فروغ

Ans 5: باہمی مدد کا جزبہ

Q5. انجمن امداد باہمی کی چار اقسام لکھیں.

Ans 1: 1.پیداکاروں کی انجمن امداد باہمی 2.بازارکاری کی انجمن امداد باہمی 3.صارفین کی امداد باہمی کی انجمن 4.زراعتی انجمن امداد باہمی

Q6. انجمن امداد باہمی کی تعریف کریں.

Ans 1: انجمن امداد باہمی ایک ایسی کاروباری تنظیم ہے جس میں چند لوگ خود ہی سرمایہ لگاتے ہیں اور رضاکارانہ طور پر مشترکہ معاشی مقاصد حاصل کرنے کے لیے مساوی بنیادوں پر جدوجہد کرتے ہیں.

Q7. انجمن باہمی امداد کے نقصانات تحریر کریں.

Ans 1: انتظامی صلاحیتوں کی کمی

Ans 2: سرمائے کی کمی

Ans 3: نظّم و ضبط کا فقدان

Ans 4: غیر محدود زمہ داری

Ans 5: قانون کی سرپرستی کا فقدان

Q8. امداد باہمی کے سٹور کی تعریف کریں.

Ans 1: امداد باہمی کے سٹور باہمی تعاون کے اصول کے تحت قائم کیے جاتے ہیں،اس سٹور کا انتظام سرمائے کی فراہمی اور اشیا کی خرید و فروخت ممبر ان کے ذمے ہوتی ہے.

Q9. انجمن باہمی کی خصوصیات تحریر کریں.

Ans 1: رضاکارانہ رکنیت

Ans 2: رضاکارانہ رجسٹریشن

Ans 3: ایک ووٹ کا حق

Ans 4: نقد لین دین

Q10. انجمن امداد باہمی ملک کی معاشی ترقی میں کیا کردار ادا کرسکتی ہے.

Ans 1: یہ پیداوار میں اضافہ کرکے لوگوں کو اشیاء خدمات اور روزگار وغیرہ مہیا کر کے ملک کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے.